# پیداواری منصوبہ لہسن 2022-23

لہسن ایک اہم مصالحہ دار سبزی ہے جو تقریباً ہر سالن اور نمکین ڈشز میں استعمال ہوتی ہے۔ عموماً ہر کاشتکار حسبِ ضرورت تھوڑا بہت رقبہ لہسن کے زیرِ کاشت لاتا ہے۔ لہسن دل کی بیماریوں اور بلڈ پریشر کے علاج کے لیے مفید ہے۔ لہسن بیکٹیریل کش خصوصیات کا حامل ہے۔ خشک لہسن کا پاوڈر اور اچار بھی ڈبوں میں دستیاب ہے۔ اس کے علاوہ اس کا استعمال بخار، کھانسی، جلدی بیماریوں اور کان کے درد میں بھی انتہائی مفید ہے۔ لہسن کو عموماً ذائقہ بڑھانے کے لیے مصالحہ جات میں بھی استعمال کیا جاتا ہے۔

## پنجاب میں پچھلے پانچ سالوں میں لہسن کے زیرِ کاشت کل رقبہ، کل پیداوار اور اوسط پیداوار

| سال | کل رقبہ | | کل پیداوار | اوسط پیداوار | |
|---|---|---|---|---|---|
| | ہیکٹر | ایکڑ | ٹن | کلوگرام فی ہیکٹر | من (40 کلوگرام) فی ایکڑ |
| 2018-19 | 3306 | 8170 | 25898 | 7833 | 79.25 |
| 2019-20 | 4351 | 10752 | 38184 | 8776 | 88.79 |
| 2020-21 | 7863 | 19430 | 72834 | 9263 | 93.72 |
| 2021-22 | 7158 | 17688 | 55625 | 7771 | 78.62 |

## موزوں آب و ہوا

لہسن کی فصل کو کاشت کے وقت ٹھنڈے موسم، چھوٹے دنوں اور پکتے وقت خشک اور گرم موسم کی ضرورت ہوتی ہے۔

## لہسن کی منظور شدہ اقسام

- لہسن گلابی
- این اے آر سی-جی 1

## شرح بیج

- درمیانے اور بڑے سائز کی صحت مند 200 کلوگرام پوتھیاں فی ایکڑ استعمال کریں۔
- این اے آر سی جی-1 کے لیے بیج کی شرح 800 کلوگرام فی ایکڑ رکھیں۔
- پوتھیوں کے سائز کے حساب سے بیج کی فی ایکڑ شرح میں سے کمی بیشی کی جاسکتی ہے۔

## وقت کاشت

- شمالی پنجاب میں موزوں وقتِ کاشت آخر ستمبر تا وسط اکتوبر ہے
- وسطی اور جنوبی پنجاب میں کاشت کے لئے اکتوبر کا مہینہ بہترین ہے۔

## موزوں زمین

لہسن کی کاشت کے لیے زرخیز اور نرم زمین کی ضرورت ہوتی ہے۔ بھاری زمین میں گنڈھیاں باقاعدگی سے نہیں بنتیں۔ علاوہ ازیں برداشت کے وقت زمین خشک ہو تو گنڈھیاں ٹوٹ کر زخمی ہو جاتی ہیں اور جنس کی مناسب قیمت نہیں ملتی۔ اسی طرح ریتلی زمین بھی اس کی کاشت کے لیے موزوں نہیں کیونکہ ایسی زمین میں نمی برقرار کرنے کی صلاحیت کم ہوتی ہے۔

## زمین کی تیاری

بوائی کے کم از کم ایک ماہ پہلے گوبر کی گلی سڑی کھاد بحساب 8 تا 10 ٹرالی فی ایکڑ ڈالیں اور اچھی طرح زمین میں ملا کر پانی لگا دیں۔ بوائی سے پہلے زمین تیار کرنے کے لیے ایک مرتبہ مٹی پلٹنے والا ہل اور دو یا تین بار کلٹیویٹر چلائیں اور بعد میں سہاگہ دے کر زمین کو ہموار کر لیں۔ بہتر ہے کہ کھیت کو لیزر لینڈ لیولر سے ہموار کریں۔

## طریقہ کاشت

تیار شدہ زمین کو پانچ مرلے کی ہموار کیاریوں میں تقسیم کر لیں۔ پوتھیوں کو ہموار زمین پر لائنوں میں کاشت کریں۔ پوتھی کو زمین میں ایک انچ گہرا اس طرح لگائیں کہ جڑوں والا حصہ زمین میں اور نوکدار حصہ اوپر کی طرف ہو۔ پودوں کا باہمی فاصلہ 4 انچ جبکہ لائنوں کا درمیانی فاصلہ 8 تا 10 انچ رکھیں۔ بوائی سے پہلے پوتھیوں کو محکمہ زراعت کے مقامی ماہرین کے مشورہ سے سفارش کردہ پھپھوندی کُش زہر لگائیں۔

## کھادوں کا استعمال

کیمیائی کھادوں کی مقدار کے تعین کے لئے زمین کا تجزیہ کروائیں۔ اوسط زرخیزی والی زمین میں لہسن کی کاشت کے لئے دی گئی سفارشات کے مطابق کھاد ڈالیں۔

| خوراکی اجزاء فی ایکڑ (کلوگرام) | | | مقدار کھاد فی ایکڑ (بوریوں میں) | | |
|---|---|---|---|---|---|
| نائٹروجن | فاسفورس | پوٹاش | بوقت بوائی / منتقلی نرسری | پورے پتے نکلنے پر | گنڈھی بننے سے پہلے |
| 64 | 46 | 25 | دو بوری ڈی اے پی، ایک بوری ایس او پی | ایک بوری یوریا | ایک بوری یوریا |

**نوٹ:** این اے آر سی G-1 کی فاسفورس اور پوٹاش کی کھاد کی ضرورت دوسری مقامی اقسام سے تقریباً دوگنا ہوتی ہے۔

## جڑی بوٹیوں کی تلفی

لہسن کی فصل میں چوڑے پتے والی جڑی بوٹیوں کا تدارک بوائی کے فوراً بعد زرعی ماہرین کے مشورہ سے مناسب زہر سپرے کر کے کریں۔ جڑی بوٹیوں کو بذریعہ گوڈی بھی تلف کیا جا سکتا ہے۔ اس کے لیے فصل کو تین چار بار گوڈی کریں مگر جب فصل گنڈھیاں پورے سائز کی بنا لے تو پھر گوڈی نہ کریں۔

## آبپاشی

لہسن کی کاشت خشک زمین میں کریں اور کاشت کے فوراً بعد آبپاشی کر دیں بعد ازاں آبپاشی ہفتہ وار جبکہ دسمبر اور جنوری کے مہینہ میں چودہ دن کے وقفہ سے آبپاشی کریں۔ جب فصل آخری مراحل میں ہو تو حسبِ ضرورت پانی لگائیں۔ بارش کے پانی کے نکاس کا بندوبست بہت ضروری ہے کیونکہ یہ فصل زیادہ مقدار میں پانی برداشت نہیں کر سکتی اور گنڈھیوں کے گل جانے کا بھی اندیشہ ہوتا ہے۔

## برداشت اورسٹوریج

لہسن عام طور پر اپریل میں برداشت کیا جاتا ہے جبکہ این اے آر سی G-1 مئی کے مہینہ میں برداشت ہوتی ہے۔ جب پتے خشک اور بھورے رنگ کے ہو رہے ہوں تو سمجھیں کہ فصل تیار ہے اور آبپاشی بند کر دیں۔ لہسن کی برداشت وتر آنے پر کھرپوں کی مدد سے کریں۔ لہسن کو خشک کرنے کے لیے کسی سایہ دار جگہ یا ہوادار کمرے میں سات آٹھ دن کے لیے یکساں طور پر پھیلا دیں۔ جب اوپر سے چھلکے آسانی سے علیحدہ ہونے لگیں تو گٹھیوں کو ڈنڈیوں سمیت باندھ کر خشک اور ہوادار جگہ پر سٹور کر لیں۔ اس طرح لہسن لمبے عرصے تک ذخیرہ کیا جا سکتا ہے۔

## سیڈ سٹاک کو توڑنا

لہسن کی قسم این اے آر سی جی-1، 15 مارچ سے 15 اپریل کے درمیان پودے سے بولٹ یعنی گندلوں کے لئے سیڈ سٹاک نکالتی ہے۔ ان کو شروع کے دنوں میں ہی ہاتھوں کی مدد سے توڑ دینا چاہیے تا کہ ساری خوراک بلب میں ہی جمع ہو اور پیداوار زیادہ حاصل ہو۔

## لھسن کی فصل کی بیماریاں اور ان کا اِنسداد

| نام بیماری | حملہ کی نوعیت | انسداد |
|---|---|---|
| لہسن کے پتوں کی چوٹی کا سفید جھلساؤ (White tip of Garlic) | اس بیماری کی وجہ (Cladosporium) ہے اور اس کا حملہ روز بروز شدت اِختیار کرتا جا رہا ہے۔ یہ بیماری سب سے پہلے لہسن کے پتوں کے سِروں سے شروع ہوتی ہے اور پتے اُوپر سے سُوکھنے لگتے ہیں۔ حملہ کی شدت میں تمام پتے خُشک ہو جاتے ہیں جس سے لہسن کی گٹھیوں کا سائز چھوٹا رہ جاتا ہے اور پیداوار کم ہو جاتی ہے۔ | ● سفارش کردہ کھادوں کا استعمال کریں۔<br>● پودوں کا باہمی فاصلہ سفارش کردہ ٹیکنالوجی کے مطابق رکھیں۔<br>● جڑی بوٹیوں کی تلفی یقینی بنائیں۔<br>● فصل کو پانی دن کے وقت لگائیں۔<br>● بیماری کے ظاہر ہوتے ہی موسمی صورتِ حال کو مدِ نظر رکھتے ہوئے درج ذیل کسی ایک پھپھوندی کش زہر کا سپرے کریں۔<br>ایزوکسی سٹربن پلس ڈائی فینا کونازول بحساب 250 ملی لٹر فی ایکڑ **یا** ایزوکسی سٹروبن پلس کلوروتھیلونل بحساب 500 ملی لٹر فی ایکڑ **یا** فلومارف پلس فوسٹائل ایلومینیم بحساب 300 گرام فی ایکڑ |
| لہسن کے پتوں اور تنے کا گلاؤ (Stem Blight) | یہ بیماری فصل پر عُمر کے دورانیہ کے ہر حصہ میں حملہ آور ہو سکتی ہے لیکن مرطُوب موسم زیادہ خطرناک ہوتا ہے۔ نمدار موسم میں اِس بیماری کے جراثیم پتوں اور تنوں پر بھورے رنگ کے دھبوں کی شکل میں نمودار ہوتے ہیں بعد میں ان کا رنگ سُرخی مائل سا ہو جاتا ہے اور متاثرہ پتے اور تنے گلنے سڑنے لگتے ہیں۔ بیماری کی شدت کی صورت میں پودا مر جاتا ہے۔ | ● بیج کو بوائی سے قبل ہمیشہ پھپھوندی کش زہر لگائیں۔<br>● بیماری کی صورت میں مندرجہ ذیل زہروں میں سے کسی ایک کا بھرپور سپرے کریں۔<br>ایزوکسی سٹروبن، ڈائی فینا کونازول بحساب 250 ملی لٹر فی ایکڑ<br>یا<br>ایزوکسی سٹروبن، کلوروتھیلونل بحساب 500 ملی لٹر فی ایکڑ یا<br>فوسٹائل ایلومینیم بحساب 200 گرام فی ایکڑ |

| | | |
|---|---|---|
| لہسن کی کنگی<br>(Garlic Rust) | اس بیماری کی وجہ ایک پھپھوندی (Puccinia) ہے۔ یہ بیماری پتوں کے اندرونی اور بیرونی دونوں طرف نارنگی رنگ کے ابھرے ہوئے دھبوں میں ظاہر ہوتی ہے جو بعد میں پھٹ جاتے ہیں اور نارنگی رنگ کا سفوف نما تخم اردگرد پودوں پر گرتا ہے۔ اگر مسلسل اُوس اور درجہ حرارت 20 سے 21 ڈگری سینٹی گریڈ ہو تو بیماری شدت اختیار کر جاتی ہے، پتے چڑ مڑ ہو کر سوکھ جاتے ہیں اور پیداوار میں کافی حد تک کمی واقع ہو جاتی ہے۔ | ● کنگی کے خلاف قوت مدافعت کی حامل اقسام کاشت کریں۔<br>● بیماری کے حملہ کی صورت میں درج ذیل زہروں میں سے کسی ایک کا پانچ دن کے وقفے سے سپرے کریں۔<br>ڈائی فینا کونازول، پروپی کونازول بحساب 120 گرام یا<br>مائیکو بیوٹانال 50 گرام فی ایکڑ یا<br>ڈائی فینوکونازول 250 ملی لٹر فی ایکڑ |
| روئیں دار پھپھوندی<br>(Downy Mildew) | یہ بیماری پھپھوندی کی ایک قسم (*Peronospora*) کی وجہ سے ہوتی ہے۔ بیماری پتوں اور بیج پیدا کرنے والی ڈنڈی پر سیاہی مائل روئیں دار دھبوں میں ظاہر ہوتی ہے۔ اگر موسم سرد، ابر آلود اور ساتھ ساتھ ہلکی بارش ہو تو یہ بیماری شدت اختیار کر جاتی ہے۔ پورے کا پورا کھیت جھلساؤ اور مرجھاؤ کا منظر پیش کرتا ہے اور پیداوار میں 60 سے 75 فیصد تک کمی ہو جاتی ہے۔ | ● پودے سے پودے کا باہمی فاصلہ زرعی ماہرین کا تجویز کردہ رکھیں۔ زیادہ قریب لگانے کی صورت میں نمی بڑھ جاتی ہے اور بیماری کا حملہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔<br>● کوشش کریں کے دن کے وقت پانی لگائیں تاکہ ان کے پتوں پر موجود نمی کم ہو سکے اور بیماری کے اثرات سے بچا جا سکے۔<br>● بیماری کی صورت میں مندرجہ ذیل پھپھوندی کش زہروں میں سے کسی ایک کا 7 دن کے وقفے کے ساتھ سپرے کریں۔ بیماری کی شدت میں سپرے کا وقفہ 3 دن رکھیں۔<br>فلوایزانیام، میٹالاکسل بحساب 200 ملی لٹر فی ایکڑ یا<br>فلوماف، فوسیٹائل ایلومینیم بحساب 500 گرام فی ایکڑ یا<br>مینڈی پروپامائیڈ بحساب 200 ملی لٹر فی ایکڑ یا<br>کرزیٹ ایم بحساب 600 گرام فی ایکڑ |

# لہسن کے نقصان دہ کیڑے اور ان کا انسداد

| نام کیڑا | پہچان | نقصان | انسداد |
|---|---|---|---|
| تھرپس<br>(Thrips) | بالغ کیڑے لمبوترے اور کالے یا بھورے رنگ کے ہوتے ہیں۔ اِن کی لمبائی تقریباً ایک ملی میٹر ہوتی ہے۔ نر بالغ بے پر ہوتے ہیں جبکہ مادہ کے پر لمبے نوکیلے اور پٹی جیسے ہوتے ہیں جن پر لمبے بال پچھلے کناروں پر ہوتے ہیں۔ شکل و شباہت میں بچے بالغ سے ملتے جُلتے ہیں لیکن بے پر اور بھورے ہوتے ہیں۔ یہ کیڑا پتوں پر حرکت کرتے ہوئے دیکھا جا سکتا ہے۔ | بالغ اور بچے دونوں نُقصان پہنچاتے ہیں۔ حملہ شُدہ پودے کے پتے چُڑمُڑ ہو جاتے ہیں اور بعد میں خُشک ہو کر گر جاتے ہیں۔ حملہ شُدہ پودے پوتھیاں نہیں بناتے۔ | ● جڑی بوٹیاں تلف کریں۔ ● فصل کو گوڈی کریں۔<br>● فصل کو سوکا نہ آنے دیں کیونکہ خشک موسمی حالات میں اس کا حملہ شدت اختیار کر جاتا ہے۔<br>● حملہ معاشی حد سے بڑھنے پر کلور فینو پر 360 ایس سی بحساب 75 ملی لٹر فی ایکڑ یا سپائنوسیڈ 240 ایس سی بحساب 40 ملی لٹر فی ایکڑ یا میتھومل 40 ایس پی بحساب 300 گرام فی ایکڑ اچھی طرح سپرے کریں۔ |

# زرعی معلومات کیلئے ہیلپ لائن اورویب سائٹ

کاشتکار لہسن و دیگر فصلات کے کاشتی امور کے سلسلہ میں زرعی ہیلپ لائن 0800-17000 پر پیر تا جمعہ صبح نو بجے سے شام پانچ بجے تک فون کر کے مفید مشورے حاصل کر سکتے ہیں۔اس کے علاوہ محکمہ زراعت پنجاب کی ویب سائٹ www.agripunjab.gov.pk سے بھی معلومات حاصل کر سکتے ہیں۔کاشتکار مزید معلومات کے لئے مندرجہ ذیل فون نمبرز پر رابطہ کریں۔

| نمبرشمار | نام ادارہ | کوڈ نمبر | فون دفتر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈائریکٹر جنرل زراعت (توسیع واڈاپٹو ریسرچ) پنجاب لاہور | 042 | 99200732 | agriextpb@gmail.com |
| 2 | ڈائریکٹر زراعت کواڈینیشن (ایف ٹی وائے آر) پنجاب لاہور | 042 | 99200741 | dacpunjab@gmail.com |
| 3 | پلانٹ پتھالوجی ریسرچ انسٹیٹیوٹ جھنگ روڈ فیصل آباد | 041 | 9201683 | directorppri@yahoo.com |
| 4 | نظامت سبزیات ایوب زرعی ترقیاتی ادارہ جھنگ روڈ، فیصل آباد | 041 | 9201678 | directorvegetable@yahoo.com |
| 5 | انٹومالوجیکل ریسرچ انسٹیٹیوٹ ایوب زرعی تحقیقاتی ادارہ فیصل آباد | 041 | 9201680 | director_entofsd@yahoo.com |
| 6 | ڈائریکٹر زراعت (ہارٹیکلچر توسیع)، لاہور | 042 | 99203454 | dahorticulture.ext@gmail.com |
| 7 | ڈائریکٹر کراپ رپورٹنگ سروس پنجاب، لاہور | 042 | 99330378 | dacrspunjab@hotmail.com |

## ڈائریکٹوریٹ آف ایگریکلچر زونل دفاتر

| نمبرشمار | نام ادارہ | کوڈ نمبر | فون دفتر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) شیخوپورہ | 056 | 9200291 | dafarmskp@gmail.com |
| 2 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) گوجرانوالہ | 055 | 9200200 | daftgrw@gmail.com |
| 3 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) وہاڑی | 067 | 9201188 | dafarmvehari@yahoo.com |
| 4 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) سرگودھا | 048 | 3711002 | arfsgd49@yahoo.com |
| 5 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) کروڑ، لیہ | 0606 | 810113 | daftkaror@gmail.com |
| 6 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) رحیم یارخان | 068 | | daftrykhan@gmail.com |
| 7 | ڈائریکٹر زراعت (ایف ٹی اینڈ اے آر) چکوال | 0543 | 571110 | ssmsarfchk@hotmail.com |

## دفاتر نظامت ونائب نظامت زراعت (توسیع) پنجاب

| نمبرشمار | نام ادارہ | کوڈ نمبر | فون دفتر | ای میل ایڈریس |
|---|---|---|---|---|
| 1 | **نظامتِ زراعت (توسیع) لاہور** | 042 | 99201171 | daelahore@yahoo.com |
| 2 | لاہور | 042 | 99200736 | doaelhr2009@yahoo.com |
| 3 | قصور | 049 | 9250042 | ddaeksr@gmail.com |
| 4 | شیخوپورہ | 056 | 9200263 | ddaeskp@gmail.com |
| 5 | ننکانہ صاحب | 056 | 9201134 | doextension_nns@yahoo.com |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| daextfsd@gmail.com | 9200755 | 041 | **نظامت زراعت(توسیع) فیصل آباد** | 6 |
| ddaextfsd@gmail.com | 9200754 | 041 | فیصل آباد | 7 |
| ddajhang@gmailcom | 9200289 | 047 | جھنگ | 8 |
| doagriextok@live.com | 9201140 | 046 | ٹوبہ ٹیک سنگھ | 9 |
| chiniot.agri@yahoo.com | 9210171 | 047 | چنیوٹ | 10 |
| daextgujranwala@gmail.com | 9200198 | 055 | **نظامت زراعت(توسیع) گوجرانوالہ** | 11 |
| ddaextensiongrw@gmail.com | 9200195 | 055 | گوجرانوالہ | 12 |
| doagriextension@gmail.com | 920062 | 0547 | حافظ آباد | 13 |
| ddaegujrat@gmail.com | 9260346 | 053 | گجرات | 14 |
| doa_extmbdin@yahoo.com | 650390 | 0546 | منڈی بہاؤالدین | 15 |
| doanarowal@yahoo.com | 2413002 | 0542 | نارووال | 16 |
| doaextskt@yahoo.com | 9250311 | 052 | سیالکوٹ | 17 |
| darawalpindi@gmail.com | 9292060 | 051 | **نظامت زراعت(توسیع)راولپنڈی** | 18 |
| do.agriext.rwp.pk@gmail.com | 9292160 | 051 | راولپنڈی | 19 |
| doaextckl@gmail.com | 551556 | 0543 | چکوال | 20 |
| doaejlm@yahoo.com | 9270324 | 0544 | جہلم | 21 |
| doa_agriext_atk@yahoo.com | 9316129 | 057 | اٹک | 22 |
| director.agri.sgd@gmail.com | 9230526 | 048 | **نظامت زراعت(توسیع) سرگودھا** | 23 |
| doaextentionsargodha@gmail.com | 9230232 | 048 | سرگودھا | 24 |
| doaextbkr@yahoo.com | 9200144 | 0543 | بھکر | 25 |
| doaextkhb@yahoo.com | 920158 | 0454 | خوشاب | 26 |
| doagri.extmwi@gmail.com | 920095 | 0459 | میانوالی | 27 |

| | | | | |
|---|---|---|---|---|
| daextsahiwal@gmail.com | 4400198 | 040 | **نظامت زراعت(توسیع) ساہیوال** | 28 |
| doaextsahiwal@yahoo.com | 9330185 | 040 | ساہیوال | 29 |
| doagriextok@live.com | 9200264 | 044 | اوکاڑہ | 30 |
| doapakpattan@gmail.com | 921046 | 045 | پاکپتن | 31 |
| daextmultan@gmail.com | 9200317 | 061 | **نظامت زراعت(توسیع) ملتان** | 32 |
| doaextmultan@hotmail.com | 9200748 | 061 | ملتان | 33 |
| doagriculturekwl@gmail.com | 9200060 | 065 | خانیوال | 34 |
| doalodhran@gmail.com | 921106 | 0608 | لودھراں | 35 |
| doaextvehari@hotmail.com | 9201185 | 067 | وہاڑی | 36 |
| directoragriextbwp@gmail.com | 9255181 | 062 | **نظامت زراعت(توسیع)بہاولپور** | 37 |
| doaextbwp2010@gmail.com | 9255184 | 062 | بہاولپور | 38 |
| ddaextbwn@ygmail.com | 9240124 | 063 | بہاولنگر | 39 |
| doagriryk@yahoo.com | 9230129 | 068 | رحیم یارخان | 40 |
| daextdgk@gmail.com | 9260142 | 064 | **نظامت زراعت(توسیع)ڈیرہ غازی خان** | 41 |
| ddaextdgk@gmail.com | 9260143 | 064 | ڈیرہ غازی خان | 42 |
| doaext.layyah@gmail.com | 920301 | 0606 | لیہ | 43 |
| doarajanpur@gmail.com | 920084 | 0604 | راجن پور | 44 |
| ddaagriextmzg@ygmail.com | 9200041 | 066 | مظفرگڑھ | 45 |

☆☆☆

**تیارکردہ:** نظامتِ زراعت کوآرڈینیشن (فارمز، ٹریننگ اینڈ اڈاپٹو ریسرچ) پنجاب لاہور۔ **منظور کردہ:** نظامتِ اعلیٰ زراعت (توسیع واڈاپٹو ریسرچ) پنجاب لاہور
**ڈیزائننگ واشاعت:** نظامت زرعی اطلاعات پنجاب، 21۔سرآغاخان سوئم روڈ لاہور

**اشاعت: 2022-23** **اشاعت: 1000**